DIRECTORATE OF EDUCATION GNCT OF DELHI

MID TERM PRACTICE QUESTION PAPER

SESSION 2025-26

CLASS- X

SUBJECT URDU B

Time: 3 Hrs MM: 80

عام ہدایات

1- اس سوال نامے میں کل 14 سوالات ہیں

2- سبھی سوالات لازمی ہیں۔

3- جواب تحریر کرتے وقت اُس کے سوال کا نمبر ضرور درج کریں۔

4- جواب تحریر کرتے وقت خوشخط اور صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

حصہ (الف) عبارت فہمی اور شعر فہمی

Section (A)

سوال 1۔ مندرجہ ذیل نثر درسی (نثری) اقتباس کو غور سے پڑھیے 5X1=5
اور اُس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے صحیح جوابات لکھیے

" میں نے کرشن چندر کے افسانے مختلف رسالوں میں پڑھے تھے۔ اُن دنوں وہ اُبھرتے ہوئے افسانہ نگار تھے۔ وہ دلی ریڈیو پر ملازم ہو کر آئے تھے۔ پطرس بخاری کا زمانہ تھا۔ وہ ریڈیو کے اعلیٰ افسر تھے۔ اُن کے چھوٹے بھائی زیڈ۔ اے۔ بخاری بھی ریڈیو سے متعلق تھے۔ اِن دونوں کا اِس محکمہ پر اتنا اثر تھا کہ برٹش براڈکاسٹنگ کارپوریشن کی جگہ لوگ اسے بخاری برادرس کارپوریشن کہا کرتے تھے۔ اِن

کے زمانے میں سبھی اچھے لکھنے والے ریڈیو پر آ گئے تھے۔ خاص طور پر پنجاب کے لکھنے والے، ان میں گورنمنٹ کالج لاہور کے لڑکوں کو ترجیح دی جاتی تھی۔"

(i) درج بالا اقتباس کے مصنف نے کرشن چندر کے افسانے کہاں پڑھے تھے؟

(A) نصابی کتابوں میں
(B) غیر نصابی کتابوں میں
(C) تفریحی کتابوں میں
(D) مختلف رسالوں میں

(ii) کرشن چندر کس کے زمانے میں دلی ریڈیو پر ملازم ہو کر آئے؟

(A) پطرس بخاری کے
(B) منشی پریم چند کے
(C) یوسف ظفر کے
(D) یوسف ناظم کے

(iii) ریڈیو کے افسرِ اعلیٰ کون تھے؟

(A) زیڈ۔ اے۔ بخاری
(B) پطرس بخاری
(C) ن۔ م۔ راشد
(D) کرشن چندر

(iv) پطرس بخاری اور زیڈ۔ اے۔ بخاری کا آپس میں کیا رشتہ تھا؟

(A) باپ بیٹے کا
(B) چچا بھتیجے کا
(C) بھائی بھائی کا
(D) استاد شاگرد کا

(۷) اس زمانے میں ریڈیو پر کس کو ترجیح دی جاتی تھی؟

(A) یو پی کے افسانہ نگاروں کو (B) گورنمنٹ کالج لاہور کے طلبا کو

(C) نئی دہلی کے نوجوانوں کو (D) پرانی دلی والوں کو

یا

ماحول کی حفاظت کے لیے ہر سال اقوام متحدہ کے زیر اہتمام 5 جون کو ماحولیات کا عالمی دن منایا جاتا ہے۔ اس کی شروعات ۱۹۷۴ میں کی گئی۔ عالمی یوم ماحولیات منانے کی روایت کو 44 برس ہو رہے ہیں۔ دنیا بھر کے 100 سے زائد ممالک میں یہ دن بڑے جوش و خروش سے منایا جاتا ہے۔ یوم ماحولیات منانے کا مقصد عوام کو ماحول کے تحفظ کے لیے بیدار کرنا ہے۔ موسمی اثرات اور اس سے پیدا ہونے والی ماحولیاتی تبدیلیوں سے عوام کو آگاہ کرنا ہے۔ کیونکہ پوری دنیا کو اس وقت ماحولیاتی آلودگی کا سامنا ہے۔

(i) ماحول کے تحفظ کے لیے کون سا دن منایا جاتا ہے؟

(A) یوم تعلیم (B) یوم ماحولیات (C) یوم آزادی

(D) یوم صحت

(ii) یوم ماحولیات کس مہینے میں منایا جاتا ہے؟

(A) جولائی (B) دسمبر (C) جون (D) اپریل

(iii) یوم ماحولیات کا مقصد کیا ہے؟

(A) لوگوں کو سیر پر لے جانا (B) ماحول کو بچانے کی اہمیت بتانا

(C) کھیل کھلانا (D) فلمیں دکھانا

(iv) عالمی یوم ماحولیات کی شروعات کس سال ہوئی؟

(A) 1984 (B) 1990 (C) 1974 (D) 1978

(v) یوم ماحولیات کس کے زیر اہتمام منایا جاتا ہے؟

(A) اسکول کے (B) اقوام متحدہ کے (C) ڈاک خانہ کے (D) اسپتال کے

سوال ۲۔ مندرجہ ذیل شعری (غیر درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے 5X1=5
اور اُس سے متعلق سوالات میں متبادل جوابات کا انتخاب
کیجیے

دیکھ کر چلنا۔ کچل جائے نہ چیونٹی راہ میں
آدمی کو بے زبانوں سے بھی اُلفت چاہیے

ہے اسی میں بھید عزت کا اگر سمجھے کوئی
چھوٹے بچوں کو بزرگوں کی اطاعت چاہیے

علم کہتے ہیں جسے، سب سے بڑی دولت ہے یہ
ڈھونڈ لو اِس کو اگر دنیا میں عزت چاہیے

سب برا کہتے ہیں لڑنے کو بری عادت ہے یہ
ساتھ کے لڑکے جو ہوں۔ اُن سے رفاقت چاہیے

یوں جماعت میں شرارت کرنے والے بھی اگر
دور کی اُن سے فقط صاحب سلامت چاہیے

(i) شاعر نے کس کو سب سے بڑی دولت کہا ہے؟

(A) ہیرے کو (B) علم کو (C) چاندی کو (D) زمین کو

(ii) لڑکے کو کون لوگ بہرا کہتے ہیں؟

(A) سب لوگ (B) ڈاکٹر (C) پولیس (D) وکیل

(iii) ساتھ کے لڑکوں سے کیا ہونا چاہیے؟

(A) حقیقت (B) رحمت (C) عادت (D) رفاقت

(iv) شرارتی بچوں کے ساتھ کیسا برتاؤ کرنا چاہیے؟

(A) رحمت (B) حقیقت (C) سلامت (D) رفاقت

(v) عزت کا بھید کس میں چھپا ہے؟

(A) علم (B) دوست (C) شرارت (D) حماقت

یا

دیر سے ایک ناسمجھ بچہ
اک کھلونے کے ٹوٹ جانے پر
اس طرح سے اداس بیٹھا ہے
جیسے میت قریب رکھی ہو
اور مرنے کے بعد ہر ہر بات
مرنے والے کی یاد آتی ہو
جانے کیا کیا ذرا توقف سے
سوچ لیتا ہے اور روتا ہے
لیکن اتنی خبر کہاں اس کو

زندگی کے عجب ہاتھوں میں
یہ بھی مٹی کا اِک کھلونا ہے

(i) بچہ اداس کیوں بیٹھا تھا؟
(A) کھلونے کم تھے
(B) کھلونا پرانا ہونے پر
(C) کھلونے کے ٹوٹ جانے پر
(D) کھلونے غائب ہوگئے تھے

(ii) توقف کا مطلب ہے
(A) طاقت
(B) وقفہ
(C) توفیق
(D) خوشی

(iii) ٹوٹے کھلونے کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟
(A) میت سے
(B) زندگی سے
(C) مٹی سے
(D) پھول سے

(iv) شاعر نے مٹی کا کھلونا کسے کہا ہے؟
(A) زندگی کو
(B) موت کو
(C) ہاتھوں کو
(D) ناسمجھ بچے کو

(v) بچہ کس طرح اداس بیٹھا ہے؟
(A) جیسے سامنے باغ ہو
(B) جیسے شادی کی محفل میں ہو
(C) جیسے میت قریب رکھی ہو
(D) جیسے بیمار ہو

5X1=5

سوال 3. مندرجہ ذیل درسی (نثری) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے صحیح متبادل جوابات لکھیے۔

یہ بتانا مشکل ہے کہ پانچ ہزار برس پہلے یہاں کون لوگ بستے تھے۔ مگر اب بہت سے لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ اس زمانے سے یہاں دور دور کے لوگ آنے لگے۔ اتنا سمجھ لینا کچھ مشکل نہیں ہے کہ پہلے دنیا کے زیادہ تر لوگ وحشیوں کی طرح زندگی بسر کرتے تھے اور کھانے پینے کی کھوج میں چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں مارے مارے پھرتے تھے۔ جانوروں کا شکار کرتے تھے یا درختوں کے پھل، پتے اور جڑ کھا کر پیٹ بھرتے تھے۔ ان میں کے کچھ لوگ یہاں بھی پہنچے۔ ان کی نسل کے لوگ اب بھی بنگال، بہار، چھوٹا ناگپور اور وندھیاچل کے پہاڑوں کے قریب پائے جاتے ہیں۔ وہ جو زبان بولتے تھے وہ آج بھی الگ ہے۔ ان میں سے کول اور منڈا قبیلے مشہور ہیں اپنی بولیاں بولتے ہیں۔ ان کے ہزار ڈیڑھ ہزار برس کے بعد دراوڑ لوگ پچھم کی طرف سے آئے، وہ لوگ جنھیں دراوڑ کہا جاتا ہے۔ یہاں انھوں نے خوب ترقی کی۔ آج بھی مدراس، میسور، آندھرا پردیش اور کیرل میں یہی لوگ آباد ہیں۔ تم نے تامل، تیلگو زبانوں کے نام سنے ہوں گے۔ یہ انھیں لوگوں کی زبانیں ہیں۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(A) آدمی کی کہانی (B) زبانوں کا گھر ہندوستان (C) قول کا پاس (D) پانی کی آلودگی

(ii) پہلے دنیا کے زیادہ تر لوگ کس کی طرح زندگی بسر کرتے تھے؟

(A) وحشیوں کی طرح (B) راجاؤں کی طرح

(C) کھلاڑیوں کی طرح (D) کسانوں کی طرح

(iii) جنہیں دراوڑ کہا جاتا ہے وہ کس طرف سے آتے تھے؟

(A) مشرق کی طرف سے (B) شمال کی طرف سے

(C) جنوب کی طرف سے (D) پچھم کی طرف سے

(iv) تامل اور تیلگو کس کی زبانیں ہیں؟

(A) دراوڑوں کی (B) اسرائیلوں کی

(C) آریوں کی (D) کشمیریوں کی

(v) کس کی کھوج میں لوگ چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں مارے مارے پھرتے تھے؟

(A) محل کی (B) شہر کی

(C) کھانے پینے کی (D) لکڑیوں کی

سوال 4۔ مندرجہ ذیل شعری (درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور 5X1=1 اس سے متعلق سوالات کے متبادل جوابات کا انتخاب کیجیے

ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

نازکی اس کے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے

بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں
حالت اب اضطراب کی سی ہے

میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز
اُسی خانہ خراب کی سی ہے

میرؔ اُن نیم باز آنکھوں میں
ساری مستی شراب کی سی ہے

(i) لب کی نازکی کو شاعر نے کس سے تشبیہ دی ہے؟

(A) حالت کی اضطراب سے
(B) گلاب کی پنکھڑی سے
(C) نیم آنکھوں سے
(D) سراب سے

(ii) درج بالا غزل کے شاعر کون ہیں؟

(A) میر انیس
(B) اسمٰعیل میرٹھی
(C) میر تقی میرؔ
(D) میر درد

(iii) شاعر نے ہستی کو کس کی طرح بتایا ہے؟

(A) گلاب کی طرح
(B) حباب کی طرح
(C) خانہ خراب کی طرح
(D) نیم آنکھوں کی طرح

(iv) 'حباب' کا کیا مطلب ہے؟

(A) محبوب
(B) احباب
(C) بلبلہ
(D) خوشی

(V) شاعر نے نمائش کو کس کی طرح بتایا ہے ؟

(A) خانہ خراب کی (B) سراب کی

(C) اضطراب کی (D) شراب کی

حصہ (ب) تحریری مہارت

Section (B)

سوال 5. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 10

(A) تاریخی مقامات کی سیر (B) صحت اور کھیل کود

(B) چھٹی کے بعد اسکول کا پہلا دن (D) سائنس کی اہمیت

سوال 6. بہن کی شادی میں شرکت کے لیے پرنسپل کے نام تین دن کی چھٹی کے لیے ایک درخواست لکھیے۔ 5

یا

والدہ کو خط لکھ کر ہاسٹل کی سہولیات سے واقف کرائیے۔

سوال 7. محمد مجیب کے حالات زندگی اور ان کے طرز تحریر پر ایک نوٹ لکھیے 5

یا

درسی کتاب میں دیے گئے سبق قول کا پاس یا خدا کے نام خط کا خلاصہ لکھیے۔

سوال 8۔ نظیر اکبرآبادی یا ذوق کے حالات زندگی اور اُن کی شاعرانہ خصوصیت پر روشنی ڈالیے 5

یا

حمد یا نیکی اور بدی میں شاعر نے کیا پیغام دیا ہے

حصہ (ج) عملی قواعد Section (C)

سوال 9۔ نیچے لکھے ہوئے معروضی سوالات میں سے صرف آٹھ (8) کے صحیح جوابات لکھیے۔ 8X2=16

(i) وہ نشان جو جملے کے ختم ہونے پر لگاتے ہیں۔ اسے ______ کہتے ہیں۔

(A) ختمہ (-) (B) سکتہ (،) (C) رابطہ (:) (D) سوالیہ نشان (؟)

(ii) لفظ "نفع" کی ضد ہے

(A) خراب (B) نقصان (C) اچھا (D) بے کار

(iii) لفظ گھوڑا کا مؤنث ہے

(A) گھوڑ (B) گھوڑ (C) گھڑا (D) گھوڑا

(iv) تفصیل کی جمع ہے

(A) تفصّل (B) تفص (C) تفاصیل (D) تفصہ

(V) "حامد کل گھر جائے گا" اس جملے میں کون سا فعل ہے

(A) فعل حال (B) فعل مستقبل (C) فعل ماضی (D) فعل مجہول

(vi) لفظ 'حیات' کا مترادف ہے

(A) جھوٹ (B) دنیا (C) زندگی (D) موت

(vii) "ہم" سابقہ والا مرکب لفظ ہے

(A) ہمایوں (B) ہمارا (C) ہم سفر (D) باہم

(viii) کسی کی بات کو اسی کے الفاظ میں نقل کرتے ہوئے جو علامت لگائی جاتی ہے کہتے ہیں

(A) واوین (B) سوالیہ نشان (C) فجائیہ نشان (D) قوسین

(ix) کسی خاص شخص، خاص جگہ اور خاص چیز کے نام کو ——— کہتے ہیں

(A) اسم نکرہ (B) اسم معرفہ (C) اسم (D) ضمیر

(X) ذیل کے کس لفظ میں لاحقہ کا استعمال ہوا ہے؟

(A) خوشگوار (B) بدزبان (C) بدقسمت (D) ضرورت مند

سوال 10 درج ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے 4X1=4

(i) دانتوں میں انگلیاں دبانا (ii) پاؤں اکھڑنا

(iii) کھوپڑی میں نہ سمانا

(iv) بھیس بدلنا

## حصہ (د) ادب Section (D)

سوال 11۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات لکھیے 3X2=6

(i) اکبر دکھویت کی کس بات سے متاثر ہو گیا؟

(ii) شہروں کی گندگی کس طرح دریاؤں میں شامل ہو جاتی ہے؟

(iii) آگ جلانا سیکھنے کے بعد انسانی زندگی میں کیا تبدیلی ہوئی؟

سوال 12۔ درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔ 2X1=2

(i) ہین شو نے بی بی سے کیا قیاس آرائی کی؟

(ii) آلودگی سے کیا مراد ہے؟

سوال 13۔ درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے 2X2=4

(i) ظالم کو ظلم کا کیا بدلہ ملتا ہے؟

(ii) خالی ظرف کے صدا دینے سے کیا مراد ہے؟

سوال 14۔ درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے۔ 3X1=3

(i) 'حمد' کے شاعر کا کیا نام ہے؟

(ii) نظیر اکبرآبادی کی کون سی نظم آپ کے نصاب میں شامل ہے؟

(iii) ہر چیز سے ہے تری کاری گری ٹپکتی
یہ کارخانہ تو نے کب رائیگاں بنایا

درج بالا شعر میں کارخانے سے کیا مراد ہے